04.07.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............

Music

---

☆ وزیراعظم نے Trinidad & Tobago میں آباد بھارتی شہریوں کے لئے OCI کارڈ کا اعلان کیا۔ انھوں نے اس ملک کو UPI نظام اپنانے پر مبارکباد دی۔

☆ جموں و کشمیر میں امرناتھ یاترا خوش اسلوبی سے جاری ہے۔ پانچ ہزار سے زیادہ یاتریوں نے شیولنگ کے درشن کئے۔

☆ بھارت کے محکمہ موسمیات نے ہماچل پردیش میں کل سے آٹھ جولائی تک بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ روس، ایسا پہلا ملک ہے، جس نے افغانستان میں طالبان حکومت کو تسلیم کرلیا ہے۔

☆ کرکٹ میں، برمنگھم ٹیسٹ کے تیسرے دن انگلینڈ اپنے کل کے اسکور تین وکٹ پر 77 رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔

☆ اور...... ومبلڈن ٹینس میں، این سری رام بالاجی اور میکسیکو کے اُن کے جوڑی دار Migual Reyes، مردوں کے ڈبلز کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔

---

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM-Trinidad & Tobago**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج Trinidad & Tobago میں، بھارت نژاد افراد کی چھٹی نسل کے شہریوں کے لئے بھارت کے، بیرونِ ملک شہریوں کے OCI کارڈز کا اعلان کیا ہے۔ جس سے وہ بھارت میں بغیر کسی بندش کے رہ سکیں گے اور کام کرسکیں گے۔

آج صبح Trinidad & Tobago میں منعقدہ بھارتی برادری کی ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے برادری کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ اپنے آبائی وطن کا دورہ کریں اور بھارت کے ساتھ اپنے رشتوں میں گہرائی پیدا کریں۔

اپنی تقریر میں Trinidad & Tobago کو خطے میں ایسا پہلا ملک بننے پر، جس نے UPI کو اپنایا ہے، مبارکباد دیتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ یو پی آئی نہ صرف Trinidad & Tobago کے لئے، بلکہ یہ بھارت کے لئے بھی فائدہ مند ہے۔

اسی دوران Trinidad & Tobago کی وزیراعظم پرساد بی سیسر نے اعلان کیا کہ وزیراعظم مودی کو ملک کے اعلیٰ ترین اعزاز دی آرڈر آف Trinidad & Tobago سے نوازا جائے گا۔

وزیراعظم اپنے دو روزہ دورے میں، Trinidad & Tobago کی صدر Christine Carla Kangaloo اور وزیراعظم کملا پرساد بیسیسر سے بات چیت کریں گے اور شام کے وقت پارلیمنٹ کے ایک مشترکہ اجلاس سے خطاب کریں گے۔ وزیراعظم پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں کل رات Trinidad & Tobago میں پورٹ آف اسپین پہنچے تھے۔ انھیں باقاعدہ گارڈ آف آنر پیش کیا گیا اور ان کے استقبال میں خصوصی ثقافتی پروگرام پیش کئے گئے۔

**PM-Argentina**

وزیراعظم نریندر مودی، پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے اگلے مرحلے میں آج اور کل ارجنٹینا کا دورہ کریں گے۔ وہ صدر Javier Milei کی دعوت پر وہاں جائیں گے۔ پچھلے 57 سال میں بھارت کے کسی وزیراعظم کا، ارجنٹینا کا یہ پہلا دو طرفہ دورہ ہوگا۔

دونوں رہنماؤں کے درمیان بات چیت میں، تعاون کا جائزہ لیا جائے گا اور دفاعی شراکتداری کے موقعوں میں اضافے پر بھی غور و خوض کیا جائے گا۔

وزیراعظم کے دورے کی خبریں فراہم کرنے والے ہمارے نامہ نگار نے اس دورے کی اہمیت کے بارے میں بتایا ہے۔
ارجنٹینا، لاطینی امریکہ میں بھارت کا ایک بنیادی اقتصادی شراکتدار ہے اور وہ جی ٹوئنٹی میں بھی اس کا قریبی شراکتدار ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان مضبوط رشتے، بہت سے شعبوں میں ہیں، اور ان رشتوں میں پچھلی دہائیوں کے درمیان کافی گہرائی بھی پیدا ہوئی ہے۔ تعلقات میں اضافہ 2019 میں دفاعی شراکتداری کی سطح تک ہوا اور دونوں ملکوں نے 2024 میں اپنے سفارتی تعلقات کے 75 سال پورے ہونے کی تقریب منائی۔

آکاشوانی کے ہمارے نامہ نگار سے خصوصی بات چیت میں ارجنٹینا میں بھارت کے نامزد سفیر اجنیش کمار نے وزیراعظم کے دورے میں بات چیت کے ممکنہ میدانوں کا ذکر کیا۔

ارجنٹینا کے لئے بھی یہ دورہ اہمیت کا حامل ہے۔ آکاشوانی کے نامہ نگار سے خصوصی بات چیت میں بھارت میں ارجنٹینا کے سفیر Mariano Caucino نے خاص طور پر کہا کہ بھارت کی عالمی اقتصادی صورتحال کی وجہ سے یہ ملک اہمیت کا حامل ہے۔

دونوں ملکوں کے درمیان اقتصادی شراکتداری Lithium کانکنی، توانائی کی بچت اور نیوکلیائی توانائی کے پرامن استعمال جیسے نئے اور ابھرتے ہوئے میدانوں تک توسیع حاصل کررہی ہے۔ وزیراعظم کے اس دورے سے اس جانب ایک مثبت سمت اختیار کرنے میں مدد ملے گی۔

**J&K-Amarnath Yatra**

سالانہ 38 دن کی شری امرناتھ جی یاترا باضابطہ طور پر خوش اسلوبی کے ساتھ کل سے شروع ہوگئی ہے۔ یہ یاترا جنوبی کشمیر کے اننت ناگ ضلع کے پہلگام راستے اور مرکزی کشمیر کے گاندربل ضلع کے بالتل راستے سے شروع ہوگئی ہے۔

دونوں ہی راستوں سے سخت سیکورٹی انتظامات کے درمیان صبح سے ہی یاتریوں کی آمد شروع ہوگئی ہے۔ تین ہزار سے زیادہ یاتریوں کو آج صبح پہلگام کے راستے پر چندن واڑی کی طرف سے آنے کی اجازت دی گئی۔ سات ہزار 700 سے زیادہ عقیدت مندوں کو پوتر گپھا کے درشن کے لیے بالتل گاندربل بیس کیمپ کی طرف سے یاترا کی اجازت دی گئی ہے۔

افسران نے کہا ہے کہ تین ہزار 200 سے زیادہ یاتریوں نے صبح 10 بجے تک پوتر گپھا کے درشن کئے ہیں جو بالتل راستے کے ذریعہ پوتر گپھا تک پہنچے تھے۔

**HP Weather**

ہماچل پردیش میں مانسون کے تحت رُک رُک کر بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ محکمہ موسمیات نے ریاست کے زیادہ تر علاقوں میں پانچ سے آٹھ جولائی کے درمیان شدید سے بہت شدید بارش، گرج چمک کے ساتھ چھینٹے اور بجلی چمکنے کے تئیں خبردار کیا ہے۔ اس کے تناظر میں اگلے چار دن کے لئے اورنج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

ریاست کے ایمرجنسی آپریشن مرکز کے مطابق اس مانسون کے دوران ابھی تک اُنہتر افرا ہلاک ہوچکے ہیں اور 37 لاپتہ ہیں۔

**Shah Rainfall**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے شدید بارش کے پیش نظر گجرات، ہماچل پردیش، راجستھان، اتراکھنڈ اور چھتیس گڑھ کے وزرائے اعلیٰ سے آج بات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ اِن ریاستوں میں لوگوں کی مدد کے لیے کافی تعداد میں NDRF کی ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں اور ضرورت کے مطابق مزید مدد بھیجی جاسکتی ہے۔ انہوں نے وزرائے اعلیٰ کو مرکزی حکومت کی طرف سے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔

**IMD-Weather**

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ساحلی کرناٹک، مشرقی راجستھان، کونکن، گوا اور مدھیہ پردیش کے دور دراز کے مقامات پر آج تیز سے بہت تیز بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔

مدھیہ پردیش، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ، اڈیشہ اور جنوبی اندرونی کرناٹک میں بھی اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔

موسمیات کے محکمے نے بہار، چھتیس گڑھ، مشرقی اترپردیش، گجرات، ہماچل پردیش اور جھارکھنڈ کے دور دراز کے مقامات پر بھی شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔

تاہم IMD نے دلی میں آج آسمان جزوی طور پر ابر آلود رہنے اور گرج چمک کے ساتھ ہلکی پھلکی بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

**Russia Recognises Taliban**

روس نے کہا ہے کہ اس نے افغانستان کے نئے سفیر کی سفارتی اسناد قبول کرلی ہیں۔ اس طرح وہ افغانستان کی طالبان حکومت کو تسلیم کرنے والا پہلا ملک بن گیا ہے۔ ایک بیان میں روس کی وزارت خارجہ نے کہا کہ روس کو تعلقات کے فروغ کے اچھے امکانات نظر آتے ہیں اور وہ سکیورٹی، دہشت گردی کی روک تھام اور منشیات سے متعلق جرائم سے نمٹنے میں افغانستان کی حمایت جاری رکھے گا۔

مزید یہ کہ روس نے تجارتی اور اقتصادی موقعے، خاص طور سے توانائی، نقل وحمل، زراعت اور بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں موقعے دستیاب ہونے کی بات کہی ہے۔

افغانستان کے وزیر خارجہ امیر خان متقی نے ایک بیان میں کہا کہ ان کا ملک روس کے اس دلیرانہ قدم کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور یہ دوسروں کیلئے بھی ایک مثال بنے گا۔

**Cricket-Ind-Eng Test**

کرکٹ میں، برمنگھم کے **Edgbaston** میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان دوسرے ٹیسٹ میچ کے تیسرے دن آج انگلینڈ اپنے گل کے اسکور **3** وکٹ پر **77** رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔ یہ میچ سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔
اس سے قبل بھارتی کپتان شبھمن گِل نے **269** رن کی شاندار اننگز کھیلی، جس کے سبب گل بھارت اپنی پہلی اننگز میں **587** رن کا بڑا اسکور بنا پایا۔ گِل نے انگلینڈ میں ٹیسٹ میچ میں دوہری سینچری بناکر تاریخ رقم کی ہے اور ایسا کرنے والے وہ پہلے بھارتی کھلاڑی اور ایشیائی کپتان بن گئے ہیں۔ انہوں نے اینڈرسن-تیندولکر ٹرافی کے تحت جاری دوسرے ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن یہ سنگ میل حاصل کیا۔
اس کامیابی کے ساتھ شبھمن کا شمار بھارت کیلئے بطور کپتان دوہری سینچری بنانے والے منصورعلی خاں پٹودی، سنیل گواسکر، سچن تیندولکر اور ایم ایس دھونی کے ساتھ ہوگا۔
انگلینڈ پانچ میچوں کی سیریز میں ایک -صفر سے آگے ہے۔ اُس نے لیڈس میں افتتاحی ٹیسٹ میچ میں بھارت پر پانچ وکٹ سے جیت حاصل کی تھی۔

**Wimbledon**

ویمبلڈن ٹینس میں بھارت کے این سری رام بالا جی مردوں کے ڈبلز کے دوسرے دور میں پہنچ گئے ہیں۔ بالاجی اور میکسیکو کے اُن کے ساتھی کھلاڑی نے کل افتتاحی راؤنڈ میں امریکی جوڑی کو شکست دی۔ اب اگلے دور میں اُن کا مقابلہ اسپین اور ارجنٹینا کے کھلاڑیوں کی جوڑی سے ہوگا۔